# 01-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ٹاملناڈو کے مدورائی میں 4 ہزار 400 کروڑ کی لاگت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا جن میں 3 آ کا شوانی کے ایف ایم ریلے ٹرانس میٹر شامل ہیں۔

۲۔ شاردا پیٹھم اراضیات کے معاملہ میں معلومات کے فقدان کی وجہ سے مسائل پیدا ہوئے ہیں وہ اراضیات پیٹھم کے ہی ہوں گے۔ ریاستی وزیر سریدھر بابو کا بیان۔

۳۔ مدینہ بس حادثہ کے شکار عمرہ زائرین کے خاندانوں کے ساتھ حکومت کھڑی رہے گی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے دلایا یقین۔

اور

۴۔ ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی شہادت کے بعد ایران کے عارضی سپریم لیڈر کے طور پر مذہبی رہنما آیت اللہ علی رضا عارفی ہوں گے۔

Venkaiah Naidu

سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے سابق وزیراعظم اٹل بہاری واجپائی صدسالہ تقریب کے ضمن میں اٹل جی کی اکشرا نیراجنم کے نام سے شائع کئے گئے ایک شعری مجموعہ کا رسم اجرأ انجام دیا۔ اس موقع پر وینکیا نائیڈو نے کہا کہ اٹل بہاری واجپائی کی زندگی سیاسی قائدین کے لئے ایک آئیڈیل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اٹل بہاری واجپائی کے طرز پر اقدار پر مبنی حکومت چلانا چاہیئے۔ Sound Byte.

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیرٹرانسپورٹ پونم پربھاکرنے اپنے ایک بیان میں کہاکہ محکمہ ٹرانسپورٹ کے خلاف غلط تشہیر کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے کہاکہ آرٹی سی میں تقررات ، پولیس ریکروٹمنٹ سل کے حدود میں انجام دئے جائیں گے۔ ڈرائیوروں کے تقررات کے ضمن میں آنے والے تشہیر کی مذمت کی۔انہوں نے کہاکہ ٹکٹ ایپ میں کوئی بھی مسئلہ نہیں ہے۔سوشل میڈیا میں آنے والی غلط تشہیر کو نہ روکنے پر ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے ملگ ضلع کے ملوروسری ہیماچلاسری لکشمی نرسمہا سوامی مندر کا دورہ کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر سیتااکا بھی موجود تھیں۔اس موقع پر ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے خصوصی پوجا کی اوراس موقع پر پوجاریوں اورعہدیداروں نے ریاستی وزرا کو تہنیت پیش کی اورمندرکا پرساد پیش کیااوراس موقع پر مندر کے پجاریوں نے مندر کے تاریخی ورثہ سے ریاستی وزرأ کو واقف کروایا۔بعدازاں ریاستی وزرا نے چنتامنی آبشار کا بھی دورہ کیا۔اس موقع پر ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی نے بات بھی کی۔

Weather

محکمہ موسمیات نے کہاکہ اس سال موسم گرما میں تلنگانہ کے علاوہ ملک بھر میں گرمی شدید رہنے کا امکان ہے جبکہ ریاست میں اقل ترین اوراعظم ترین درجہ حرارت فی الوقت معمول کے سطح پر ہے اور تین دنوں تک یہی صورتحال برقرار رہے گی۔

Madinah

مدینہ میں بس حادثہ کا شکار ہونے والے عمرہ زائرین کے 44 ارکانِ خاندان کو کل سکریٹریٹ میں وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے فی کس 5 لاکھ روپے کے چکس تقسیم کئے جبکہ زخمیوں کے ارکانِ خاندان کو تین لاکھ روپے کے چکس پیش کئے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بس حادثہ کا شکار عمرہ زائرین کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس حادثہ کی اطلاع ملنے کے ساتھ ہی حکومت نے ریاستی وزیر اظہر الدین کی قیادت میں ایک وفد کو مدینہ کو روانہ کیا اور اس حادثہ میں جاں بحق ہونے والے ارکانِ خاندان کو فی الفور طور پر پاسپورٹس اور ویزا کی اجرائی کو یقینی بناتے ہوئے ان کو مدینہ کیلئے روانہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت انسانی خدمت کے تحت عوام کی مدد کر رہی ہے۔

Thummala

ریاستی وزیر ٹی ناگیشور راؤ نے کہا کہ حکومت زراعت کی ترقی کیلئے خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ ریاست میں فصلوں کی تبدیلی اور تیل کے فصلوں کی پیداوار کی مانگ کو مدنظر رکھتے ہوئے آئیل پام کی پیداوار کیلئے ریاست میں بڑے پیمانے پر فروغ دینے کے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے قیام کے بعد ایک ٹن آئیل پام کی قیمت 12 ہزار روپے سے زائد تھی جبکہ اب آئیل پام کی قیمت 21 ہزار سے زیادہ ہے۔

Sridhar Babu

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا کہ حیدرآباد کے کوکہ پیٹ میں واقع شاردا پیٹھم کی اراضیات کے معاملہ میں معلومات کے فقدان کی وجہ سے کچھ مسائل پیدا ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ

اراضیات پیٹھم کے ہی ہوں گے۔ اس میں کوئی شک کی گنجائش نہیں ہے۔ پیٹھم کی ترقی کیلئے حکومت کی جانب سے تمام تر مدد فراہم کی جائے گی۔ آج دوپہر انہوں نے کوکہ پیٹ میں واقع شاردھا پیٹھم کا دورہ کیا اور وہاں راجہ شاملا کی مندر اور دیگر تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر و سابق وزیر کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ حکومت موسیٰ ندی کی صفائی اور ترقی کے نام پر غریب عوام کے مکانات کو منہدم کر رہی ہے۔ حیدرآباد کے راجندر نگر حیدر شاہ کوٹ کے کے نگر کے عوام کی جانب سے منعقد کئے گئے سیو موسی اور سیو ہومس کے پدیاترا میں انہوں نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ اس مہینہ کی 16 مارچ سے شروع ہونے والے اسمبلی اجلاس میں بی آر ایس اس مسئلہ کو اٹھائے گی۔

Bhatti Vikramarka

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت آرٹ اور ثقافت کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ وہ آج ایل بی انڈور اسٹیڈیم میں منعقدہ، رامداس جینتی تقریبات میں شرکت کے بعد خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بھدراچلا راماداسو تلنگانہ کے لیے باعث فخر ہیں۔ نلاکونڈا پلی میں پیدا ہونے والے گوپنا اپنی بے مثال عقیدت اور کیرتنوں کے باعث بھکت رامداس کے نام سے ہمیشہ کے لیے امر ہو گئے۔ انہوں نے تعمیر کردہ بھدراچلم ٹمپل اور ان کی تصنیف کردہ کیرتنیں ہر تلگو باشندے کے دل میں بس چکی ہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت فنکاروں کی حوصلہ افزائی اور ثقافتی ورثے کی بحالی کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ حکومت سنگیت ناٹک اکیڈیمی کی سرپرستی کر رہی ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ تلنگانہ کی تاریخ میں

دیہی مسائل کے حل اورعوامی بیداری کے لئے فنونِ لطیفہ نے اہم کردارادا کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ فنون صرف تفریح کا ذریعہ نہیں بلکہ عوام میں شعوراور بیداری پیدا کرنے کا موثر وسیلہ بھی ہیں۔

PM

وزیراعظم نریندر مودی نے آج دو پہر ٹاملناڈو کے مدورائی میں 4 ہزار 400 کروڑ کی لاگت کے مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھاجن میں 3 آ کا شوانی کے ایف ایم ریلے ٹرانس میٹر شامل ہیں۔ یہ ٹرانس میٹر علاقائی کوریج میں وسعت پیدا کریں گے جس کی وجہ سے ریاست کے مختلف اضلاع میں عوامی نشریات کی خدمات میں اضافہ ہوگا۔

Protest

ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت کے بعد ملک کے مختلف مقامات پرتعزیتی اجلاس منعقد ہوئے ہیں اور ذرائع کے مطابق بعض مقامات پر احتجاج بھی کیا گیا۔تہران کے علاوہ ایران کے دیگر شہروں میں لاکھوں عوام نے اسلامک ری پبلک آف ایران کے لیڈر کوخراجِ عقیدت پیش کیا اور ایران کے مذہبی تاریخی مقام جنکارن مسجد کے دروازہ پر سرخ جھنڈا لہرایا گیا جبکہ عراق کے صدر مقام بغداد میں بھی عوام نے ایران کے سپریم لیڈر کوخراجِ عقیدت پیش کیا۔ جبکہ ملک کے آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت کے بعد ان کی یاد میں دہلی میں واقع ایران کلچرل ہاؤس کے قریب عوام کی بڑی تعداد جمع ہوئی جبکہ پاکستان کے بعض مقامات میں احتجاج کیا گیا اور یہ احتجاج بعض مقامات پرتشدد کی شکل اختیار کرلیا گیا۔کراچی میں امریکی قونصلیٹ کے دفتر پر بعض حملہ کی کوشش کی جس پر مقامی فوج نے فائرنگ کی جس کی وجہ سے اس فائرنگ میں 10 لوگوں کے ہلاک ہونے کا امکان ہے۔

Iran Temporary Supreme Leader

ایران کے سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی شہادت کے بعد ایران کے عارضی سپریم لیڈر کے طور پر مذہبی رہنما آیت اللہ علی رضا عارفی ہوں گے۔ آئی ایس این اے نیوز ایجنسی کے مطابق ایران کے جمہوری طریقہ کار میں ان کے وارث کو منتخب کرنے تک آیت اللہ علی رضا عارفی ایران کے سپریم لیڈر کے طور پر اپنی خدمات انجام دیں گے۔ عارضی کونسل میں آیت اللہ علی رضا عارفی کو قانونی ماہرین نے نامزد کیا۔

Seethakka

ریاستی وزیر پنچایت راج سیتا اکا نے کہا کہ حکومت ریاست میں ہر مستحق کو اندراماں مکانات منظور کرے گی۔ انہوں نے ملگ ضلع کے ایٹورونا گرم میں آج 90 استفادہ کنندگان میں اندراماں مکانات کے دستاویزات تقسیم کیے اور 38 کلیان لکشمی کے چکس بھی تقسیم کیے۔ اس موقع پر سیتا اکا نے بات بھی کی۔

○○